ماہنامہ
بقیع
AUGUST 2010
مفت سلسلہ اشاعت نمبر 196
Regd. # SC-1177
رَفعُ القَدرِ فِی التَّوَسُّلِ بِاَهلِ البَدرِ المَعرُوفُ بِہٖ
دُعاء بوسیلۂ
اسماء اھل بدر
تالیف الشیخ عبدالرحمٰن القبانی علیہ الرحمہ
نظرثانی و تصحیح
علمائے جامعۃ النور
جمعیت اشاعت اہلسنت پاکستان
نور مسجد کاغذی بازار کراچی ۷۴۰۰۰
Ph : 021-32439799 Website : www.ishaateislam.net

رَفْعُ الْقَدْرِ فِي التَّوَسُّلِ بِاَهْلِ الْبَدْرِ اَلْمَعْرُوْف بِہ

دعاء

بتوسُّلِ اَسمائے اہلِ بدر

رَضِیَ اللہُ تَعَالٰی عَنْھُمْ اَجْمَعِیْنَ

تَالِیْف: الشَّیْخ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقَبَّانِیّ عَلَیْہِ الرَّحْمَۃُ

ترجمہ:

شیخ الحدیث علامہ محمد اسماعیل ضیاءی قادری مدظلہ

(شیخ الحدیث دار العلوم امجدیہ)

نظرِ ثانی و تحقیق:

علمائے جَامِعَۃُ النُّوْر

ناشر

جمعیت اشاعتِ اہلسنّت (پاکستان)

نور مسجد، کاغذی بازار، کراچی۔

نام کتاب: رَفْعُ الْقَدْرِ فِي التَّوَسُّلِ بِاَهْلِ الْبَدْرِ اَلْمَعْرُوْف بِ
دعاء بتوسُّلِ اَسمائے اہلِ بدر رضی اللہ عنہم

تالیف: الشَّیْخ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْقَبَّانِیّ علیہ الرحمۃ

ترجمہ: شیخ الحدیث علامہ محمد اسماعیل ضیاءی قادری مدظلہ
(شیخ الحدیث دار العلوم امجدیہ)

نظر ثانی و تحقیق: علمائے جَامِعَۃُ النُّوْر

اشاعت اول: رمضان المبارک 1430ھ / ستمبر 2009

تعداد: 1000

اشاعت دوم: رمضان المبارک 1431ھ / اگست 2010

تعداد: 3000

ناشر

جمعیت اشاعتِ اہلسنّت (پاکستان)

نور مسجد، کاغذی بازار، کراچی۔
فون: 021-32439799
www.ishaateislam.net

پیشِ لفظ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ

تقریباً بیس سال قبل ہمارے استاذ مولانا جاوید مینگرانی صاحب رمضان المبارک کی سترہویں شب کو چند احباب کے ہمراہ اس کتاب کا ورد کیا کرتے اور متعلقین واحباب کو اصحابِ بدر کے فضائل اور ان اسماء سے توسّل کے فوائد بتایا کرتے تھے۔

الحمد للہ اس وقت سے اب تک مسلسل ہر رمضان المبارک کی سترہویں شب کو اس کا ورد نور مسجد، کاغذی بازار، کراچی میں کیا جاتا ہے۔ الحمد للہ کراچی میں کئی اور مقامات پر بھی اس ورد کے جاری کرنے کی کوششیں کی گئی ہیں اور اس سے استفادہ کرنے والوں کی تعداد میں مستقل اضافہ ہوتا چلا جا رہا ہے۔

بلاشبہ بدر ایک ایسا معرکہ ہے جسے تاریخِ اسلام میں ایک خاص مقام واہمیّت حاصل ہے۔ خود اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید میں اس کا تذکرہ اور اس کی فضیلت اپنی مدد کے ذریعہ بیان فرمائی ہے۔

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ [آل عمران:123]

اور بے شک اللہ نے بدر میں تمہاری مدد کی جب تم بالکل بے سرو سامان تھے تو اللہ سے ڈرو کہ کہیں تم شکر گذار ہو۔ (کنزالایمان)

اس معرکہ کے واقعات طویل اور فضائل بے شمار ہیں۔ اس مختصر سے پیشِ لفظ میں سب کا احاطہ نہیں کیا جا سکتا۔ تفصیل کے لئے کتبِ علمائے اہلسنّت کا مطالعہ فرمایئے۔

الحمد للہ جمعیت اِشاعتِ اہلسنّت کی یہ خوش بختی ہے کہ اس ادارہ کو اصحابِ بدر رضی اللہ عنہم کے اسمائے مبارکہ پر مشتمل اس وِرد کو شائع کرنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے۔ اس موقع پر میں خصوصی طور پر استاذِ محترم حضرت علامہ مفتی محمد عطاء اللہ نعیمی صاحب دامت برکاتہم العالیہ اور محترم جناب حضرت مولانا عبدالمصطفیٰ صاحب مدرس جامعۃ النور کا شکر گزار ہوں کہ جنہوں نے اس کتاب کی تصحیح میں ہماری رہنمائی فرمائی اور ساتھ ہی اپنے دیگر دوستوں کا بھی شکریہ ادا کروں گا جنہوں نے اپنے اپنے طور پر معاونت کی۔

آخر میں برکت کے طور پر ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اسمائے گرامی ذکر کرتا ہوں کہ جو اس معرکۂ بدر میں شہید ہوئے:

1. حَارِثَةُ بْنُ سُرَاقَةَ الشَّهِیْدُ الْخَزْرَجِیُّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ
2. ذُوالشِّمَالَیْنِ بْنُ عَبْدِ عَمْرٍو الشَّهِیْدُ الْمُهَاجِرِیُّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ
3. رَافِعُ بْنُ الْمُعَلَّی الشَّهِیْدُ الْخَزْرَجِیُّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

4. سَعْدُ بْنُ خَيْثَمَةَ الشَّهِيْدُ الْاَوْسِیُّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ
5. صَفْوَانُ بْنُ وَھْبِ الشَّھِیْدُ الْمُھَاجِرِیُّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ
6. عَاقِلُ بْنُ الْبُکَیْرِ الشَّھِیْدُ الْمُھَاجِرِیُّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ
7. عُبَیْدَۃُ بْنُ الْحَارِثِ الشَّھِیْدُ الْمُھَاجِرِیُّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ
8. عُمَیْرُ بْنُ اَبِیْ وَقَّاصِ الشَّھِیْدُ الْمُھَاجِرِیُّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ
9. عَوْفُ بْنُ الْحَارِثِ الشَّھِیْدُ الْخَزْرَجِیُّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ
10. عُمَیْرُ بْنُ الْحُمَامِ الشَّھِیْدُ الْخَزْرَجِیُّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ
11. مِھْجَعُ بْنُ صَالِحِ الشَّھِیْدُ الْمُھَاجِرِیُّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ
12. مُبَشِّرُ بْنُ عَبْدِ الْمُنْذِرِ الشَّھِیْدُ الْاَوْسِیُّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ
13. مُعَوِّذُ بْنُ الْحَارِثِ الشَّھِیْدُ الْخَزْرَجِیُّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ
14. یَزِیْدُ بْنُ الْحَارِثِ الشَّھِیْدُ الْخَزْرَجِیُّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

اللہ تعالیٰ ان کے خوانِ نعمت سے ہمیں بھی حصہ عطا فرمائے اور اس ورد کے خاص برکات سے متمع فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

محمد مختار اشرفی
رکن مجلسِ شوریٰ و مہتمم جامعۃ النور
جمعیت اشاعتِ اہلسنّت (پاکستان)

تقدیم

اہل اسلام کے نزدیک اصحاب بدر رضی اللہ عنہم کی فضیلت مسلم ہے اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک اُن کا جو مقام ہے وہ دوسروں کو نصیب نہیں ہوا، ان کے فضائل میں سے کہ اُن کے اسماء مبارکہ کا ورد حلِّ مہمات اور مشکلات کے دفیعہ میں مجرّب ہے۔

علامہ محمد یعقوب حسن ضیاء القادری البدایونی علیہ الرّحمۃ نے لکھا ہے تمام خانوادوں کے مشائخ حلِّ مہمات اور دفع مشکلات کے لئے اپنے یہاں کے معمولات کے مطابق اسماء گرامی حضراتِ اہلِ بدر رضی اللہ عنہم کا وظیفہ اجابتِ دعا کے لئے خاص خاص اوقات میں اہلِ حاجت کو تعلیم و تلقین فرماتے ہیں (کوکبۂ غزوۂ بدر، تقاریظ، ص ۶۶۲، مطبعہ برقی کوثر بریش بنگلور، طبع اوّل ۱۳۷۴ھ)

باتفاق جمیع ائمہ اہلسنّت وجماعت بدری صحابہ کرام رضی اللہ عنہم تمام صحابہ سے افضل ترین ہیں، چاروں خلفاء راشدین مہدیین اور باقی چھ حضرات عشرہ مبشرہ رضی اللہ عنہم بھی شاملینِ غزوۂ بدر ہیں، حضرات اصحابِ بدر رضی اللہ عنہم کی خاص فضیلت اس واقعہ سے بھی ظاہر ہوتی ہے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حاطب بن ابی بلتعہ رضی اللہ عنہ سے اُس خفیہ مراسلہ کے متعلق پُرسش فرمائی اور اس خطا پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت حاطب رضی اللہ عنہ کی گردن مارنے کی اجازت چاہی تو سیّد العالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے عمر! کیا حاطب بدری نہیں؟ اللہ تعالیٰ نے اصحابِ بدر پر خاص توجہ کے ساتھ فرمایا ہے، اے اہلِ بدر! تم جو چاہو سو کرو، تمہارے لئے جنّت واجب کردی گئی میں نے تمہیں بخش دیا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم اصحابِ بدر کی خاص عزّت فرماتے تھے، ایک وقت چند بدری صحابہ رضی اللہ عنہم ایسے وقت میں حاضرِ دربار تاجدارِ کونین صلی اللہ علیہ وسلم ہوئے کہ مجلس دوسرے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے

بھری ہوئی تھی، سلام کا جواب دینے کے بعد اہلِ مجلس اپنی اپنی جگہ بیٹھے ہی رہے اور حضرات اہلِ بدر کو کسی نے جگہ نہ دی تو حضور سیّد عالم ﷺ نے بارِ خاطر ہو کر اپنے نزدیک والے صحابہ کو ہٹا کر بدری صحابہ کو اپنے متصل خاص شرف سے بٹھایا، ہٹائے جانے والے اصحاب دل میں گراں خاطر ہوئے تو حضور سیّد العالمین ﷺ نے اُس روز اصحابِ بدر کا جو خاص اکرام فرمایا اُس کی پسندیدگی ربّ ذوالجلال نے یوں ظاہر فرمائی، ارشاد ہوا!

يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجَالِسِ فَافْسَحُوْا يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ (المجادلہ: 11)

ترجمہ: "اے ایمان والو! جب تم سے کہا جائے مجلسوں میں جگہ دو تو جگہ دو اللہ تمہیں جگہ دے گا"

اصحابِ بدر رضی اللہ عنہم کی خاص فضیلت حضرت رفاعہ بن رافع بن مالک خزرجی انصاری بدری رضی اللہ عنہ کے اِس بیان سے بھی ظاہر ہے کہ ایک روز حضرت جبریل امین نے حضور ﷺ سے دریافت کیا کہ حضور کے پاس بدری صحابہ کا کیا مرتبہ ہے تو جواب میں حضور سیّد العالمین ﷺ نے فرمایا وہ سب مسلمانوں میں افضل ترین ہیں تب حضرت جبریل نے عرض کیا کہ جو فرشتے غزوۂ بدر میں شریک ہوئے تھے وہ بھی تمام فرشتوں میں معزّز ترین شمار کئے جاتے ہیں۔

معرکۂ بدر میں کتنے صحابہ کرام علیہ الرضوان شریک ہوئے اور اس بارے میں خان بہادر بخشی مصطفی علی خان میسوری ثم المدنی نقشبندی مجدّدی نے اپنی کتاب "کوکبۂ غزوۂ بدر" میں تفصیل سے لکھا ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ تمام مؤرّخین معرکۂ بدر کا اتفاق ہے کہ اس معرکہ میں صرف تین سو تیرہ (۳۱۳) صحابہ کرام نے شرکت کی تھی اور بنفس نفیس شامل معرکہ نہ ہونے والے گیارہ مزید صحابہ کا شمار رسول اللہ ﷺ نے شاملینِ غزوہ

میں فرمایا جن میں سے نو حضرات حضور ﷺ کے ارشادات کی تعمیل میں خاص خدمات پر معمور تھے جبکہ باقی دو میں سے ایک دورانِ سفر زخمی ہوگئے تھے جنہیں واپس روانہ کیا گیا اور دوسرے روانگی سے قبل رات کو قضاء الٰہی سے واصلِ بحق ہوئے، ان گیارہ کو بھی رسول اللہ ﷺ نے مالِ غنیمت میں سے حصہ عطا فرمایا۔

جب موؤرّخین معرکۂ بدر نے اصحابِ بدر کی فہرستیں تیار کیں تو کسی ایک موؤرّخ کے بعض نام دوسرے موؤرّخ کی فہرست میں نہ پائے گئے، علامہ سید ابن النّاس نے سیرت پر اپنی مشہور کتاب "عیون الأثر" میں تمام موؤرّخین سلف کی فہرستوں کا ذکر کرتے ہوئے غیر متفق اسماء پر اپنی آراء لکھی ہیں اس کتاب سے علامہ بقاعی نے جملہ تین سو تیر سیٹھ (۳٦۳) اسماء کرام اخذ کئے اور شارح صحیح بخاری علامہ طٰہٰ الجرینی نے علامہ بقاعی کی فہرست کی تصدیق فرمائی، نیز اپنی منظومہ، "جالیۃ الکدر فی فضل أهل البدر" میں علامہ سید جعفر برزنجی نے اور اس منظومہ کے شارح شیخ عبدالہادی نجاالابیاری نے اور علامہ عبدالرّحمٰن قبانی نے، علامہ خالد شہر زوری نقشبندی مجدّدی نے بھی تین سو تیر سیٹھ (۳٦۳) اصحاب سے توسُّل کرنا پسند کیا ہے۔

جبکہ ہمارے پاس علامہ قبانی کے اقبال بُکڈپو، صدر کراچی کے شائع کردہ نسخہ میں تین سو تہتر (۳۷۳) اسماء گرامی کا ذکر ہے پھر جب ہم نے نسخہ میں موجود صحابہ کرام کے اسماء کو صحابہ کرام علیہم الرضوان پر لکھی گئی کُتُب "اَسدُ الغَابۃ"، "الاصابه"، "معجم الصحابه"، مخدوم محمد ہاشم ٹھٹوی کی اسماءِ بدر پر تحریر کردہ کتاب وغیرہا میں تلاش کیا تو مزید صحابہ کرام کے اسماء سامنے آئے کہ جو معرکۂ بدر میں شریک تھے جیسے عامر بن سعد الاوسی، حاطب بن عمرو الاوسی، جابر بن عبداللہ بن رئاب اور علامہ قبانی کی کتاب میں مذکور اسماءِ صحابہ میں سے بعض کے بارے میں بعض کُتب میں ملا کہ وہ اس معرکہ میں شریک نہ تھے اور بعض

میں اُن کو شاملِ معرکہ قرار دیا گیا تھا صرف ایک نام عبداللہ بن حق خزرجی جسے کسی نے بھی ذکر نہیں کیا اُسے ہم نے خارج کر دیا اس طرح ایک کو خارج کرنے اور تین کے اضافے سے کل تین سو پچھتر (۳۷۵) اسماء ہو گئے، حذف سے حتی الامکان احتراز کیا گیا اور تو محترم جناب حضرت علامہ مختار اشرفی، حضرت علامہ مولانا طالب قادری اور اس فقیر کا باہمی مشورہ یہ ٹھہرا کہ علامہ قبانی کی کتاب میں مذکور اسماء میں سے کسی کو حذف نہ کیا جائے ہاں جو مزید نام ملے ہیں ورد میں اُن کا اضافہ کر دیا جائے کیونکہ صحابہ کرام کے اسماء سے توسُّل برکت سے خالی نہیں ہے چنانچہ علامہ مصطفی علی خان نے "کوکبہ غزوۂ بدر" میں بھی اسی طرح لکھا ہے، آپ لکھتے ہیں کہ جاننا چاہئے کہ جو غیر شاملینِ جنگ اس فہرست میں ظنِّ نیک بہ سبیل احتیاط داخل ہیں وہ بھی سترہ رمضان المبارک ۲ھ ہجری سے قبل اسلام قبول فرمائے ہوئے جلیل المرتبۃ صحابہ کرام ہیں جن کی عزت و حرمت و تعظیم و تکریم ہم پر واجب ہے اور اُن سے بھی توسُّل یقیناً باعثِ برکت و قبولیّت ہے۔

اور ہمارے پاس جو نسخہ تھا اُس میں بعض صحابہ جو اوسی تھے انہیں خزرجی لکھا ہوا تھا اور بعض خزرجی تھے اُنہیں اوسی لکھا ہوا تھا، ناموں کے تلفّظ کئی جگہ غلط تھے اِسے ایک دفعہ صاف کر کے ہمارے اِدارے کے فاضل علامہ محمد فرحان قادری نے جیلانی پبلشرز سے شائع کروایا مگر موصوف نے وقت کی قلت اور حسنِ ظن کی بنا پر تصحیح کا اہتمام نہ کیا، پھر ہمارے اِدارے کے علماء نے تمام کُتب کہ جن میں صحابہ کرام کا تذکرہ تھا سامنے رکھ کر تصحیح کا اہتمام کیا اِس کام کو کئی ماہ لگ گئے اور مولانا موصوف کا بھی اِس میں حصہ رہا، تصحیح کے بعد اِسے مولانا موصوف نے ہی کمپوز کر کے دیا اس طرح ہم نے اِسے رمضان المبارک ۱۴۳۰ھ میں شائع کیا، اب رمضان المبارک ۱۴۳۱ھ میں اِس کے ترجمہ کی تصحیح اور نئی ترتیب و انداز کے ساتھ اسے شائع کرنے کی سعی کی گئی جس میں میرے ساتھ ہمارے اِدارے کے مہتمم محترم

جناب علامہ مختار اشرفی اور مدرّس حضرت علامہ عبدالمصطفیٰ (اللہ رحم) نے اور محمد ذیشان احمد نے بھرپور تعاون فرمایا اِس طرح ایک بار پھر تصحیح کے بعد یہ کتاب آپ کے ہاتھوں میں ہے، پھر وہ کام جو ہم نے اِس کی تصحیح کے وقت کیا اور اُسے لکھا کہ کس کتاب میں کس صحابی کا تذکرہ کس مقام پر ہے اور نام اور ولدیّت اور قبیلہ کے بارے میں کیا لکھا ہے اِس تفصیل کو ہنوز شائع نہیں کیا ہے۔

حضرت جعفر بن عبداللہ رحمۃ اللہ سے منقول ہے کہ اُن کے والد نے اُنہیں وصیّت فرمائی کہ تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے محبّت رکھنا اور خاص اہلِ بدر ذی الکرام کے اسماء گرامی سے توسُّل کرتے رہنا کہ اُن کے ذِکر کی برکت سے دُعا قبول ہوتی ہے۔

علامہ دارانی علیہ الرحمۃ شیخ عمر جمال مکّی وغیر ہم نے فرمایا کہ اصحابِ بدر رضی اللہ عنہم کا جہاں بھی ذکر ہو وہاں جو بھی دُعا کی جاتی ہے وہ قبول ہوتی ہے۔

بعض علماء کرام کا بیان ہے کہ بعض لوگوں نے صرف اصحابِ بدر کے اسماء گرامی کی برکات سے درجاتِ ولایت حاصل کئے ہیں جبکہ علامہ قبانی نے یوں لکھا کہ بہت سے اولیاء کو ولایت ملتی ہی اِن ناموں کے پڑھنے اور ان سے وسیلہ لینے سے ہے۔

ان مقربین بارگاہِ خداوند قُدّوس کے توسُّل سے مریضوں نے دیرینہ اور مہلک امراض سے شفا پائی ہے، مسافروں، تاجروں، دولتمندوں نے درندوں، چوروں، لٹیروں سے امن پائے ہیں، مُفلس غنی ہوگئے، قیدیوں نے قید سے رہائی پائی، نہایت تیز طوفانوں میں جہاز سلامت بچ گئے ہیں، بیروزگاروں کو روزی نصیب ہوئی ہے، الغرض ہر قسم کی جائز مرادیں حاصل ہوتی رہی ہیں، اہم اُمور میں بعض بزرگوں نے تجربہ کیا ہے، اسماء مکرم اصحابِ بدر رضی اللہ عنہم کا پڑھنا یا لکھ کر پاس محفوظ رکھنا موجبِ برکات و باعث اجابتِ دعا ثابت ہوا ہے۔

علماء کرام نے اپنی کُتب میں اسماء بدر کے ذِکر اور اُنہیں لکھ کر محفوظ رکھنے کے متعدد واقعات نقل کئے ہیں تفصیل کے لئے علامہ قبانی کے کتاب "رفع القدر فی التّوسّل بأھل البدر" اور علامہ مصطفی علی خان ثم المدنی کی کتاب "کوکبہ غزوۂ بدر" ملاحظہ ہو۔

علامہ مصطفی علی خان نے لکھاہے کہ قرنِ اول سے آج تک اس قسم کی بے شمار کرامات کا تجربہ اصحاب کرام بدر رضی اللہ عنہم سے توسُّل کرنے والوں کو حاصل ہوتا رہاہے اور اِن شاء اللہ تعالیٰ قیامت تک اِن حضرات کرام کے متوسّلین ایسے ہی فیض پاتے رہیں گے۔

علامہ قبانی نے لکھاہے کہ ان سے وسیلہ لینے کی شرط یہ ہے کہ تم ان میں سے ہر ایک سے راضی ہو (یعنی، کسی بھی صحابی کے لئے تمہارے دل میں خلجان نہ ہو) جیسا کہ ہم ابھی (ان کے اسمائے مبارکہ) دیکھو گے۔ اور ان کے فضائل تحریر میں لانے سے زیادہ ہیں۔ اور کاموں کی اصل تو نیک نیتی اور اِخلاص ہی ہے۔ اللہ تعالیٰ میرے اور تمام مسلمانوں کے لئے اس جہاں سے بھلائیاں اور اِخلاص عطا فرمائے۔

محمد عطاء اللہ نعیمی

خادِم دار الافتاء

جمعیت اشاعتِ اہلسنّت (پاکستان)

رَفْعُ الْقَدْرِ فِي التَّوَسُّلِ بِأَهْلِ الْبَدْرِ

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَحۡمَدُكَ اللّٰهُمَّ يَا مَنۡ جَعَلۡتَ اَهۡلَ بَدۡرٍ بُدُوۡرَ الصَّحَابَةِ وَنَصَرۡتَ بِالۡمُهَاجِرِيۡنَ وَالۡاَنۡصَارِ نَبِيَّكَ عَلٰى مَنۡ هَجَرَهٗ وَهَجَرَ فِىۡ دِيۡنِهٖ وَعَابَهٗ وَاُصَلِّىۡ وَاُسَلِّمُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ مُّبِيۡدِ اَهۡلِ الۡكُفۡرِ وَالنِّفَاقِ وَالدَّاعِىۡ اِلٰى سَبِيۡلِ الرَّشَادِ وَالۡمَبۡعُوۡثِ لِتَتۡمِيۡمِ مَكَارِمِ الۡاَخۡلَاقِ وَاَشۡهَدُ اَنۡ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحۡدَهٗ لَا شَرِيۡكَ لَهُ الۡمُبۡدِئُ لِمُبۡدِئِ الۡاِسۡلَامِ وَمُبۡطِنِ الۡاِيۡمَانِ اِحۡسَانَهٗ وَاِنۡعَامَهٗ وَاَشۡهَدُ اَنَّ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا عَبۡدُهٗ وَرَسُوۡلُهُ الۡمُسۡتَعۡلٰى شَرَفُ دِيۡنُهٗ عَلٰى كُلِّ شَرَفٍ اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ صَلَّى اللهُ عَلَيۡهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحۡبِهٖ مَا الۡتَحَمَتِ الۡمَلَاحِمُ وَانۡتَصَرَ اَهۡلَ الۡحَقِّ عَلٰى اَهۡلِ الۡبَاطِلِ وَسَلَبُوۡا سَلَبَهُمۡ وَاغۡتَنَمُوۡا مِنۡهُمُ الۡغَنَائِمَ اَمَّا بَعۡدُ فَيَقُوۡلُ الۡعَبۡدُ الۡفَقِيۡرُ الۡفَانِىۡ عَبۡدُ الرَّحۡمٰنِ الۡاَزۡهَرِىُّ الشَّهِيۡرُ بِالۡقَبَّانِىِّ لَمَّا كَانَتۡ اَهۡلُ بَدۡرٍ فِى الۡمُهِمَّاتِ تَنۡخَرِقُ بِبَرَكَتِهِمُ الۡعَادَاتُ اَحۡبَبۡتُ اَنۡ اَنۡخَرِطَ فِىۡ سِلۡكِ الۡمُتَوَسِّلِيۡنَ بِهِمۡ لِاَكُوۡنَ مِنَ الۡفَائِزِيۡنَ بِاِرَبِهِمۡ مِّنۡ رَّبِهِمۡ وَقَدۡ كُنۡتُ وَقَفۡتُ عَلٰى رِسَالَةِ الشَّيۡخِ الۡبَرۡزَنۡجِىِّ الَّتِىۡ لِلتَّوَسُّلِ بِهٰؤُلَآءِ الۡبُدُوۡرِ فَوَجَدۡتُّهَا يَكَادُ مِنۡهَا النُّوۡرُ اَنۡ يُّذۡهِبَ سَوَادَ السُّطُوۡرِ اِلَّا اَنَّهٗ مَزَجَ الۡاَنۡصَارَ بِالۡمُهَاجِرِيۡنَ تَشُقُّ ذٰلِكَ عَلٰى مِثۡلِىۡ مِنَ الۡعَاجِزِيۡنَ الۡقَارِئِيۡنَ الۡمُتَوَسِّلِيۡنَ فَرَتَّبۡتُهَا تَرۡتِيۡبًا عَظِيۡمَ الشَّاۡنِ وَاِنۡ كُنۡتُ لَسۡتُ مِنۡ فُرۡسَانِ هٰذَا الۡمَيۡدَانِ قَدَّمۡتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللهُ عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ وَالۡعَشَرَةَ الۡمُبَشَّرِيۡنَ بِالۡجَنَّةِ وَعِمۡرَانَ بۡنِ حَصِيۡنٍ وَّاَخَّرۡتُ الۡكُنٰى كَمَا فَعَلَ الشَّيۡخُ فِىۡ هٰذَيۡنِ الصِّنۡفَيۡنِ وَهُوَ لَمۡ يَذۡكُرۡ فِيۡهَا اَسۡمَآءَ اٰبَائِهِمۡ وَقَدۡ ذَكَرۡتُهُمۡ لِيَتَشَاكَلُوۡا مَعَ اَصۡحَابِهِمۡ فِى الۡحُرُوۡفِ .

خطبۂ کتاب

اے اللہ! میں تیری حمد کرتا ہوں، اے وہ ذات جس نے اہلِ بدر (صحابہ) کو تمام صحابہ (رضی اللہ عنہم) پر بلند مرتبہ وروشن فرمایا اور مہاجرین وانصار کو اپنے نبی ﷺ کا معاون بنایا اس پر کہ جو انہیں چھوڑے اور بیہودہ بکے اور ان کے دین میں عیب لگائے۔ اور میں درود وسلام پیش کرتا ہوں ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ پر جو کُفر ونفاق مٹانے والے اور ہدایت کے راستے کی طرف بلانے والے ہیں جو بھیجے گئے ہیں اچھے اخلاق کی تکمیل کے لئے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی معبود سوائے اللہ تعالیٰ کے جو اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، جو اپنے احسان وانعام کو ظاہر کرنے والا ہے اس کے لئے جو ظاہری اسلام اور باطنی ایمان والا ہے یعنی از روئے ایمان کے ظاہر سے پختہ اُس کا باطن ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ بے شک ہمارے سردار حضرت محمد ﷺ جو اُس کے بندے اور رسول ہیں، بلند مرتبہ، قیامت تک ان کا دین ہر دین پر فائق ہو۔ اللہ تعالیٰ ان پر اور ان کی آل واصحاب رضوان اللہ تعالیٰ علیہم پر رحمتیں نازل فرمائے، جب تک جنگیں ہوتی رہیں اور اہلِ حق کو اہلِ باطل پر مدد ملتی رہے اور مجاہدین ان کے مال پر قابض ہوتے رہیں اور غنیمت حاصل کرتے رہیں۔

حمد وثناء کے بعد بندۂ فقیر فانی کہتا ہے جس کا نام «عبد الرحمن ازہری» ہے اور مشہور «قبّانی» سے ہے، جب اہلِ بدر ایسے ہیں کہ جن کی برکت سے خرقِ عادات (یعنی، خلافِ عادت) کام ہوتے ہیں تو میں نے پسند کیا کہ انہیں پرِودوں اُن کی لڑی میں جن کا وسیلہ پکڑا جاتا ہے تاکہ میں ان کے طفیل ان کے رب سے کامیابی حاصل کرلوں۔

جب میں واقف ہوا شیخ برزنجی کے اس رسالے پر جو دمکتے چاندوں کے وسیلے کے بارے میں تھا تو میں نے اُسے نور پایا کہ قریب ہے کہ وہ رات کی سیاہی لے جائے مگر یہ کہ انہوں نے انصار کو مہاجرین کے ساتھ ملادیا جو دقت آمیز ہے مجھ جیسے عاجز قارئین کے لئے جو (اُن ہستیوں سے) وسیلہ لینے والے ہیں۔ لہٰذا (شیخ برزنجی کے انصار ومہاجرین صحابہ کے اسماء ملادینے کے سبب) میں نے اِس رسالہ کو ایک عظیم الشان ترتیب دی اگرچہ میں اس میدان کا شَہسُوار نہیں۔

میں نے نبیٔ پاک ﷺ کو مقدّم رکھا اور عشرۂ مبشّرہ بالجنّۃ (یعنی، وہ دس صحابۂ کرام جنہیں زندگی ہی میں غیب دان نبی ﷺ سے جنّت کی خوش خبری مل چکی تھی) اور حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کو مقدّم کیا۔ اور (حروفِ تہجی کی ترتیب سے دیگر اصحابِ بدر کے ذکر کے بعد) کنیت والے ناموں کو مؤخَّر کیا۔ جیسے شیخ برزنجی نے دونوں صنفوں میں کیا ہے۔ ہاں اُنہوں نے ان کے والدین کو ذکر نہیں کیا تاکہ وہ ممتاز ہو جائیں ان ہم ناموں سے۔

وَقَدَّمْتُ الْمُهَاجِرِيْنَ السَّالِكِيْنَ اَبْهَجَ مَنْهَجٍ وَّثَنَّيْتُ بِالْاَوْسِ وَثَلَّثْتُ بِالْاَعْلَامِ الْاَنَامِ الْخَزْرَجِ وَقَدَّمْتُ الشَّهِيْدَ مِنْ كُلِّ صِنْفٍ عَلَى الْبَاقِيَةِ لِفَوْزِهٖ بِتِلْكَ الْمَزِيَةِ الْبَهِيَّةِ الْهَنِيَّةِ وَزِدْتُّهَا اَسْمَآءً وَّجَدْتُّهَا فِى الشُّرَّاحِ النَّاقِلِيْنَ عَنِ السِّيَرِ الَّتِىْ اِلَيْهَا الْاَرْوَاحُ تُرْتَاحُ وَتَرَكْتُ مِنْهَا التَّوَسُّلَ بِاَهْلِ اُحُدٍنِ الْكِرَامِ لِفُتُوْرِ الْهِمَمِ وَلَوْ لَا ذٰلِكَ لَفَاتَ التَّوَسُّلُ بِهٰؤُلَآءِ الْاَعْلَامِ وَاَلْحَقْتُ الدُّعَاءَ الثَّانِىَ بِالْاَوَّلِ؛ لِاَنَّ الدُّعَاءَ مَحَلُّ اِطْنَابٍ فَلَعَلَّ الْمُتَوَسِّلُ بِهِمْ عَنِ الشَّرِّ اِلَى الْخَيْرِ يَتَحَوَّلُ فَجَاءَتْ بِفَضْلِ اللّٰهِ سَهْلَةُ السِّيَاقِ عَذْبَةُ الْمَذَاقِ تَرْتَعُ فِىْ حَدَائِقِهَا الْاَحْدَاقُ مِنَ الْبُلْهِ الْحُذَّاقِ وَسَمَّيْتُهَا:"رَفْعَ الْقَدْرِ فِى التَّوَسُّلِ بِاَهْلِ الْبَدْرِ"جَعَلَنِىَ اللّٰهُ وَالْمُحِبِّيْنَ مِنَ الْمُسْتَمِدِّيْنَ مِنْ مَّدَدِهِمْ وَحَرَسَنِىْ وَاِيَّاهُمْ مِّنَ الْعَادِيْنَ وَالْاَعَادِىْ بِمَدَدِهِمْ وَعَدَدِهِمْ وَهَا اَنَا اَذْكُرُ لَكَ اَيُّهَا الْوَاقِفُ عَلٰى هٰذِهِ الرِّسَالَةِ شَيْئًا مِّنْ كَرَامَاتِهِمْ لِتَكُوْنَ عَلٰى بَصِيْرَةٍ وَّيَقِيْنٍ فِىْ تَوَسُّلِكَ بِهِمْ وَمَعْرِفَةِ مَقَامَاتِهِمْ قَالَ الشَّيْخُ الْعَسْقَلَانِىُّ رضی اللہ عنہ اُسِرَ ابْنِ عَمٍ لِّىْ فِىْ بِلَادِ الْمُشْرِكِيْنَ فَطَلَبَ الرُّوْمُ فِىْ فِدَآئِهٖ مَالًا كَثِيْرًا فَلَمْ نُطِقْ اِعْطَاءَهٗ فَاَرْسَلْنَا اِلَيْهِ بِاَسْمَآءِ اَهْلِ بَدْرٍ فِىْ قِرْطَاسٍ وَّاَوْصَيْنَاهُ بِحِفْظِهَا وَالتَّوَسُّلِ بِهِمْ فَاَطْلَقَهُ اللّٰهُ مِنْ غَيْرِ فِدَآءٍ فَلَمَّا قَدِمَ عَلَيْنَا سَاَلْنَاهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ: لَمَّا وَصَلَتْ اِلَىَّ تِلْكَ الْوَرَقَةُ الَّتِىْ فِيْهَا الْاَسْمَآءُ فَعَلْتُ فِيْهَا كَمَا اَمَرْتَنِىْ فَاسْتَشَامُوْنِىْ فَصَارُوْا يَتَبَايَعُوْنِىْ وَكَانَ كُلُّ مَنِ اشْتَرَانِىْ تُصِيْبُهٗ مُصِيْبَةٌ فَغُقِصْتُ فِى الثَّمَنِ حَتّٰى بَاعُوْنِىْ بِسَبْعَةِ دَنَانِيْرَ فَمَا مَضٰى عَلٰى مَنِ اشْتَرَانِىْ بِذٰلِكَ اِلَّا ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ حَتّٰى اُصِيْبَ بِاَعْظَمِ مُصِيْبَةٍ فَاَخَذَ يُعَذِّبُنِىْ بِاَنْوَاعِ

اور مہاجرینِ سالکین کو ایک الگ نہج پر مقدَّم کیا ہے پھر دوسرے نمبر پر قبیلہ بنی اوس سے متعلق (اوسی) صحابہ کو ذکر کیا اور تیسرے نمبر پر قبلہ بنی خَزرج سے متعلق (خزرجی) صحابہ کے مبارک ناموں کو نقل کیا ہے۔ نیز ہر (قبیلہ کی) تقسیم میں شہداء کو ان کی واضح فضیلت و کامیابی کی وجہ سے مقدَّم کیا ہے۔ مزید یہ کہ میں نے ان اسماء کا بھی اضافہ جو میں نے شارحینِ ناقلینِ سیرت سے پائے کہ جن کی جانب روحیں چڑتی ہیں۔

میں نے معززین اہلِ اُحد سے توسُّل اُن اہلِ بدر کے ساتھ توسُّل کے ارادے میں کامیابی کی وجہ سے ترک کیا اور اگر یہ ترک نہ ہوتا تو ضرور توسُّل ان عالی بزرگوں سے فوت ہو جاتا اور دوسری دُعا پہلی سے ملادی اس لئے کہ دعا مبالغہ کی جگہ ہے شاید کہ وسیلہ لینے والا ان حضرات سے برائی سے خیر کی طرف پھر جائے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آسان سیاق وسباق اور اچھے مِلاپ سے عقلمند اور بیوقوف کی آنکھیں ان کے باغ چرتی ہیں۔ اور میں نے اس کا نام «رَفْعُ الْقَدْرِ فِي التَّوَسُّلِ بِاَهْلِ الْبَدْرِ» رکھا ہے، اللہ تعالیٰ مجھے اور چاہنے والوں کو اور مدد لینے والوں کو ان کی مدد میں شامل فرمادے اور ان کی مدد وعدد (تعداد) سے میری اور ان (قارئین) کی حد سے آگے بڑھنے والوں اور دشمنوں سے حفاظت فرمائے۔ اے اس رسالہ کے جاننے والے! لو اب میں آپ کے لئے ان (اصحابِ بدر) کی کچھ کرامات ذکر کرتا ہوں تا کہ ان سے وسیلہ لینے اور ان کے مراتب جاننے میں یقین و بصیرت حاصل ہو جائے۔

شیخ عسقلانی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میرا چچازاد بھائی مشرکین کے شہر میں قید کر لیا گیا تو اہلِ روم نے اس کے فدیہ میں بہت مال مانگا جس کی (ادائیگی کی) ہم طاقت نہیں رکھتے تھے تو ہم نے اہلِ بدر صحابہ رضی اللہ عنہم کے اسمائے گرامی ایک کاغذ پر لکھ کر اُسے بھیج دیئے اور انہیں یاد کر لینے اور ان سے وسیلہ طلب کرنے کی وصیت کر دی۔ تو (اس کی برکت سے) اللہ تعالیٰ نے اسے بغیر فدیہ کے آزادی عطا فرمادی۔ پھر جب وہ ہمارے پاس آئے تو ہم نے اُس سے اِس بارے میں پوچھا تو اُس نے بتایا کہ جب یہ اہلِ بدر کے ناموں والا کاغذ میرے پاس پہنچا تو میں نے دیئے گئے حکم کے مطابق عمل کیا تو انہوں نے مجھے شوم (منحوس) جاننا شروع کر دیا اور ایک دوسرے کو بیچتے رہے، جو خریدتا اُسے مصیبت پہنچتی پس میں قیمت میں کم ہوتا گیا یہاں تک کہ سات دیناروں میں بیچا گیا۔ کسی خریدنے والے پر تین دن بھی نہ گزرتے کہ پہلے سے بڑی مصیبت اس پر آتی لہٰذا (ایک خریدار) مجھے مختلف اذیّتیں دیتا رہا۔

الْعَذَابِ وَيَقُوْلُ لِیْ اَنْتَ سَاحِرٌ وَاَنَا لَا اُبِيْعُكَ بَلْ اَتَقَرَّبُ بِقَتْلِكَ لِلصَّلِيْبِ فَمَا لَبِثَ اِلَّا قَلِيْلًا حَتّٰی رَمَحَتْهُ دَآبَّتُهٗ وَحَشَمَتْ وَجْهَهٗ وَمَاتَ مِنْ حِيْنِهٖ فَاَخَذَنِیْ ابْنُهٗ يُعَذِّبُنِیْ بِاَنْوَاعِ الْعَذَابِ وَاشْتَهَرَ خَبَرِیْ بَيْنَ النَّاسِ فَقَالُوْا لَهٗ: اَخْرِجْ هٰذَا الْاَسِيْرَ مِنْ بَلَدَتِنَا فَاَبٰی اِلَّا قَتْلِیْ بِالْعَذَابِ فَمَا مَضٰی اِلَّا ثَلٰثَةُ اَيَّامٍ حَتّٰی جَآءَهُمْ خَبَرٌ اَنَّ سَفِيْنَةَ الْمَلِكِ قَدْ ضَاعَتْ وَكَانَ فِيْهَا ابْنُهٗ وَمَالٌ كَثِيْرٌ فَلَمَّا بَلَغَ ذٰلِكَ الْخَبَرُ اِلَی الرُّوْمِ اَتَوْا الْمَلِكَ وَاَخْبَرُوْهُ بِجَمِيْعِ مَا كَانَ مِنْ شَاْنِیْ وَقَالُوْا لَهٗ مَتٰی مَكَثَ هٰذَا الْمُسْلِمُ فِیْ اَرْضِنَا هَلَكْنَا وَنَحْنُ لَا نَشُكُّ اَنَّهٗ مِنْ اَوْلَادِ الْاَنْبِيَاءِ فَاَرْسَلَ اِلَیَّ الْمَلِكُ وَاَطْلَقَنِیْ وَاَعْطَانِیْ مِائَةَ دِيْنَارٍ وَّوَجَّهُوْنِیْ اِلٰی بِلَادِیْ فَهٰذَا سَبَبُ خَلَاصِیْ مِنَ الْاِسْرِ اِنْتَهٰی وَمِنْهَا مَا ذَكَرَهٗ بَعْضُ النَّاسِ قَالَ: كَانَ لِیْ وَلَدٌ مِنْ اَحَبِّ الْخَلْقِ اِلَیَّ وَكَانَ ذَا عِفَّةٍ وَّدِيَانَةٍ فَقَتَلَهُ ابْنُ الْوَزِيْرِ ظُلْماً وَّعُدْوَاناً فَطَلَبْتُ ثَاْرَهٗ فَلَمْ يَاْخُذْ اَحَدٌ بِيَدِیْ فَجَعَلْتُ اَسْاَلُ اللهَ تَعَالٰی بِاَهْلِ بَدْرٍ صَبَاحاً وَّمَسَاءً وَّاَسْتَجِيْرُ بِهِمْ فِیْ اَخْذِ ثَاْرِ وَلَدِیْ حَتّٰی ضَاقَ صَدْرِیْ وَاَيِسْتُ مِنْ اَخْذِ الثَّاْرِ فَبَيْنَمَا اَنَا نَائِمٌ لَيْلَةً مِّنَ اللَّيَالِیْ اِذْ رَاَيْتُ فِی النَّوْمِ رِجَالًا فِیْ هَيْئَةٍ سَنِيَّةٍ وَّحَالَةٍ مَّرْضِيَّةٍ وَقَائِلًا يَّقُوْلُ: هَلُمُّوْا اَهْلَ بَدْرٍ! فَتَقَدَّمُوْا يَتْلُوْا بَعْضُهُمْ بَعْضًا فَقُلْتُ فِیْ نَفْسِیْ سُبْحَانَ اللهِ هٰؤُلَآءِ اَهْلُ بَدْرٍ الَّذِيْنَ اَسْتَجِيْرُ بِهِمْ فِیْ اَخْذِ ثَاْرِ وَلَدِیْ فَوَاللهِ لَاَتْبَعَنَّهُمْ فَجَعَلْتُ اَسِيْرُ خَلْفَهُمْ اِلٰی اَنِ انْتَهَوْا اِلٰی مَكَانٍ مُّرْتَفِعٍ وَّجَلَسَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمْ عَلٰی كُرْسِیٍّ مِّنْ نُّوْرٍ وَّرَاَيْتُ اَقْوَاماً يَّدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ وَيَشْكُوْنَ اِلَيْهِمْ اَحْوَالَهُمْ فَقُلْتُ فِیْ نَفْسِیْ مَا لِیْ لَا اَشْكُوْ مِنْ قَتْلِ وَلَدِیْ؟ فَتَقَدَّمْتُ اِلَيْهِمْ.

اور مجھے کہتا کہ تو جادو گر ہے میں تجھے بیچوں گا نہیں بلکہ میں تجھے سُولی سے قتل کے قریب کردوں گا پھر کچھ ہی عرصہ گزرا کہ اس کے گھوڑے نے اُسے زخمی کردیا اور اُس کا منہ کچل دیا اور وہ اُسی وقت مر گیا۔ اب اُس کے بیٹے نے مجھے مختلف تکلیفیں دینا شروع کردیں اور میری خبر لوگوں میں مشہور ہوگئی تو لوگوں نے اُس سے کہا اس قیدی کو ہمارے ملک سے نکال دے مگر اس نے عذاب دے دے کر قتل کرنے کے علاوہ ہر بات کا انکار کردیا۔ ابھی تین دن بھی نہ گزرے تھے کہ خبر آئی کہ بادشاہ کی کشتی جس میں اس کا بیٹا اور کثیر مال تھا، ٹوٹ (کرڈوب) گئی۔ جب یہ خبر روم پہنچی تو لوگوں نے بادشاہ کے پاس پہنچ کر میرے متعلق سارا ماجرا بتادیا۔ اور کہا کہ اگر یہ مسلمان ہمارے ملک میں رہے گا تو ہم ہلاک ہوجائیں گے۔ ہمیں اس میں شک نہیں کہ یہ اولادِ نبی سے ہے۔ لہٰذا بادشاہ نے مجھے طلب کیا اور آزاد کرتے ہوئے مجھے ایک سو(۱۰۰) دینار بھی دیئے اور لوگوں نے مجھے اپنے وطن روانہ کردیا۔ تو یہ ہے میرے قید سے آزاد ہونے کا سبب۔ واقعہ ختم ہوا۔

انہیں میں سے **ایک اور واقعہ** جو لوگوں میں سے کسی نے بیان کیا کہ میرا ایک بیٹا تھا جو مجھے مخلوق میں سب سے عزیز تھا، وہ پاک دامن اور دیانتدار تھا۔ اُسے وزیر کے بیٹے نے ناحق قتل کردیا۔ میں نے اُس سے بدلہ چاہا مگر کسی نے میری دست گیری نہ کی۔ میں صبح وشام اللہ تعالیٰ سے اہلِ بدر صحابہ رضی اللہ عنہم کے وسیلے سے سوال کرتا اور اپنے بیٹے کے انتقام کے لئے اُن صحابہ کی پناہ طلب کرتا رہا یہاں تک کہ میں تنگ دل ہوگیا اور بدلہ لینے سے مایوس ہوگیا اسی دوران میں ایک رات سو رہا تھا کہ چند لوگوں کو خواب میں دیکھا جو عمدہ اور اچھی ہیئت میں تھے جبکہ ایک کہنے والا کہہ رہا تھا، اے اہلِ بدر! آؤ، وہ ایک دوسرے کے پیچھے چلے آرہے تھے۔ میں نے دل میں کہا، سبحان اللہ! یہ اہلِ بدر ہیں کہ جن کی پناہ میں اپنے بیٹے کے انتقام کے لئے طلب کررہا تھا، بخدا! میں تو ضرور اِن کے پیچھے جاؤں گا۔ لہٰذا میں اُن کے پیچھے چلنے لگا یہاں تک کہ وہ ایک اونچی جگہ پہنچے اور اُن میں ہر ایک وہاں نُور کی ایک ایک کرسی پر تشریف فرما ہوا، اسی دوران میں لوگوں کو دیکھا کہ اُن کے پاس آرہے ہیں اور اپنے احوال کی شکایات عرض کررہے ہیں۔ میں نے دل میں کہا، میں کیوں اپنے بیٹے (کے قتل کی) شکایت پیش نہیں کرتا!؟

وَاَخْبَرْتُهُمْ بِقِصَّتِیْ وَاَنَّہٗ لَمْ یَاْخُذْ اَحَدٌ بِیَدِیْ فِیْ ثَأْرِ وَلَدِیْ فَقَالَ اَحَدُهُمْ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَیَّ مَنْ کَانَ مَعَہٗ وَقَالَ: اَیُّکُمْ یَاْتِیْنِیْ بِخَصْمِ ھٰذَا الْمِسْکِیْنِ فَذَھَبَ وَاحِدٌ مِّنْھُمْ فَلَمْ یَکُنْ غَیْرَ ھَنِیْئَۃٍ اِذاً بِہٖ قَدْ اَقْبَلَ وَالْغَرِیْمُ مَعَہٗ فَقَالَ لَہٗ: اَنْتَ الَّذِیْ قَتَلْتَ ابْنِ ھٰذَا الرَّجُلِ؟ قَالَ: نَعَم قَالَ: وَمَا حَمَلَكَ عَلٰی ذٰلِكَ؟ قَالَ: ظُلْماً وَّعُدْوَاناً فَقَالَ لَہُ: اِجْلِسْ عَلَی الْاَرْضِ فَجَلَسَ ثُمَّ اَعْطَانِیْ خَنْجَراً وَقَالَ: ھٰذَا غَرِیْمُكَ اقْتُلْہٗ کَمَا قَتَلَ وَلَدَكَ فَاَخَذْتُہٗ وَذَبَحْتُہٗ ثُمَّ انْتَبَھْتُ مِنْ نَّوْمِیْ فَلَمَّا اَصْبَحَ الصَّبَاحُ سَمِعْتُ صَیْحَۃً عَظِیْمَۃً وَّالنَّاسُ یَقُوْلُوْنَ: قَدْ اَصْبَحَ ابْنِ الْوَزِیْرِ ذَبِیْحاً عَلٰی فِرَاشِہٖ وَلَمْ یُعْلَمْ قَاتِلُہٗ وَمِنْھَا مَا ذُکِرَ عَنْ زَیْدِ ابْنِ عَقِیْلٍ اَنَّہٗ قَالَ: انْطَلَقْتُ طَرِیْقاً بِاَرْضِ الْغَرْبِ فِیْ بَعْضِ السِّنِیْنَ مِنْ سِبَاعٍ ضَارِبَۃٍ وَلُصُوْصٍ فَمَا یَخْطُوْ اَحَدٌ مِّنْ ھٰذَا الطَّرِیْقِ اِلَّا ھَلَكَ وَلَوْ کَانَ فِیْ عَدَدٍ عَدِیْدٍ وَضَاعَتْ بِہٖ اَمْوَالٌ وَّاَنْفُسٌ کَثِیْرَۃٌ فَبَیْنَمَا جُلُوْسٌ فِیْ بَعْضِ الْاَیَّامِ اِذْ اَقْبَلَ رَجُلٌ مِّنْہٗ وَمَعَہٗ تِجَارَۃٌ عَظِیْمَۃٌ وَلَیْسَ مَعَہٗ اَحَدٌ غَیْرُ عَبْدِہٖ وَھُوَ یُحَرِّكُ شَفَتَیْہِ کَالَّذِیْ یَتْلُوْہٗ بَعْضَ اَسْمَآءٍ فَتَلَقَّیْنَاہٗ وَقُلْنَا اِنَّ لِھٰذَا الرَّجُلِ شَاْناً عَظِیْماً وَنَظَرْنَا خَلْفَہٗ فَلَمْ نَرَ مَعَہٗ اَحَداً غَیْرَ عَبْدِہٖ فَقَالَ لَہٗ وَالِدِیْ: سُبْحَانَ اللّٰہِ کَیْفَ سَلِمْتَ بِتِجَارَۃٍ وَّاَنْتَ وَحْدَكَ وَھٰذِہِ الطَّرِیْقُ مَقْطُوْعَۃٌ مُّنْذُ سِنِیْنَ مِنَ اللُّصُوْصِ وَالسِّبَاعِ فَقَالَ: مَا یَکْفِیْكَ اَنِّیْ دَخَلْتُ ھٰذَا الطَّرِیْقَ بِجَیْشٍ دَخَلَ بِہٖ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ وَلَقِیَ بِہٖ اَعْدَآئَہٗ وَنَصَرَہُ اللّٰہُ بِہٖ فَقَالَ لَہٗ وَالِدِیْ: وَاَیَّ جَیْشٍ اَدْرَکْتَ مِنَ الصَّحَابَۃِ؟ فَقَالَ: اَدْرَکْتُ اَھْلَ بَدْرٍ رضی اللہ عنہم وَاَدْخَلْتُھُمْ مَعِیَ فِیْ ھٰذَا الطَّرِیْقِ الْمَخِیْفِ فَمَا کُنْتُ

لٰہذا میں آگے بڑھا اور اپنا سارا واقعہ عرض کر دیا اور یہ کہ (اب تک) کسی نے میری دست گیری نہیں کی۔ تو ایک صاحب نے فرمایا، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم پھر اُن میں ایک (اور) میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا، اس مسکین کے مجرم کو کون پیش کرے گا؟ تو اُن میں سے ایک گیا اور کچھ ہی وقت میں مجرم کے ساتھ لوٹ آیا۔ انہوں نے اُس مُجرم سے فرمایا، تو نے اِس آدمی کے بیٹے کو قتل کیا ہے؟ اس نے جواب دیا، جی ہاں! پوچھا ایسا کیوں کیا؟ اُس نے کہا ظلم وزیادتی کرتے ہوئے۔ مُجرم سے فرمایا، زمین پر بیٹھ جاؤ اور وہ بیٹھ گیا۔ پھر مجھے خنجر دیا اور فرمایا، یہ تیرا مُجرم ہے اسے یوں ہی قتل کر دے جس طرح اِس نے تیرے بیٹے کو قتل کیا۔ لٰہذا میں نے اُسے پکڑا اور ذبح کر دیا پھر نیند سے بیدار ہوا، صبح کے وقت اعلان کرنے والا چلاّیا میں نے ایک غُل سُنا لوگ کہہ رہے تھے کہ وزیر کا بیٹا بستر پر ذبح کر دیا گیا اور قاتل کا پتہ نہ چل سکا۔

انہیں میں سے **ایک اور واقعہ** جو زید بن عقیل سے مروی ہے وہ کہتے ہیں مغرب کے علاقہ میں کچھ سال سے چیر پھاڑ کرنے والے درندوں اور چوروں نے راستہ منقطع کر دیا جو اس راستے سے گزرتا ہلاک ہو جاتا اگرچہ ان (گزرنے والوں) کی تعداد زیادہ ہو۔ اس راستے میں بہت سامال اور جانیں ضائع ہو گئیں۔ اسی دوران وہ کسی راستے میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک آدمی بہت سامانِ تجارت کے ساتھ آیا اُس کے ساتھ اس کے غلام کے علاوہ کوئی نہ تھا۔ وہ ہونٹوں کو ہلاتا تھا جیسے کچھ ناموں کی تلاوت کر رہا ہو ہم اُس سے ملے اور کہا اس آدمی کی بڑی شان ہے پیچھے نظر کی تو خادم کے سوا کسی کو نہ دیکھا۔ تو میرے والد نے کہا سبحان اللہ! تُو اکیلے ہوتے ہوئے اس راستے میں کیسے بچ گیا؟ حالانکہ یہ راستہ چند سالوں سے چوروں اور درندوں کی وجہ سے کٹا ہوا ہے۔ تو اس نے کہا تجھے کیا کفایت کرے گا میں تو ایک لشکر کے ساتھ اس راستے سے آیا ہوں، وہ لشکر جس کے ساتھ رسول پاک ﷺ (میدان جنگ میں) داخل ہوئے اور اپنے دشمنوں سے ملے اور اللہ تعالیٰ نے ان کی مدد کی، میرے والد نے کہا صحابہ میں سے کونسا لشکر تو نے پایا؟ تو اُس نے کہا اصحابِ بدر رضی اللہ عنہم، میں اُنہیں اپنے ساتھ اس خوفناک راستے میں لایا۔

اَخَافُ لِصّاً وَّلَا سَبُعاً فَقَالَ لَهٗ وَالِدِیْ: سَاَلْتُكَ بِاللّٰهِ اَنْ تَكْشِفَ لِیْ عَنْ قَضِیَّتِكَ؟ فَقَالَ لَهٗ: اِعْلَمْ رَحِمَكَ اللّٰهُ اَنِّیْ كُنْتُ كَبِیْرَ قَوْمٍ لُصُوْصٍ نَقْطَعُ الطَّرِیْقَ وَلَا تَمُرُّ بِنَا قَافِلَةٌ اِلَّا نَهِبْنَاهَا وَلَا تِجَارَةٌ اِلَّا اَخَذْنَاهَا فَبَیْنَمَا نَحْنُ جُلُوْسٌ فِیْ لَیْلَةٍ مِّنَ اللَّیَالِیْ اِذْ جَآءَتْ جَوَاسِیْسُنَا وَاَخْبَرُوْنَا اَنَّ فُلَانَانِ التَّاجِرَ خَرَجَ بِتِجَارَةٍ عَظِیْمَةٍ وَمَا مَعَهٗ اِلَّا خَمْسَةَ عَشَرَ رَجُلًا فَلَمَّا سَمِعْنَا ذٰلِكَ حَمَلْنَا عَلَیْهِمْ فَقَتَلْنَا مِنْ اَصْحَابِهٖ عَشَرَةَ رِجَالٍ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَیْنَا التَّاجِرُ فَقَالَ: یَا هٰؤُلَآءِ مَا حَاجَتُكُمْ مَا تُرِیْدُوْنَ؟ فَقُلْنَا: نُرِیْدُ اَنْ نَّاْخُذَ هٰذِهِ التِّجَارَةَ فَانْجُ بِمَنْ بَقِیَ مَعَكَ مِنْ اَصْحَابِكَ قَالَ: وَكَیْفَ تَقْدِرُوْنَ عَلَیَّ وَمَعِیَ اَهْلُ بَدْرٍ؟ فَقُلْنَا: نَحْنُ لَا نَعْرِفُ اَهْلَ بَدْرٍ فَقَالَ: اَللّٰهُ اَكْبَرُ ثُمَّ اَخَذَ یَتْلُوْفِیْ اَسْمَآءٍ لَّا نَعْرِفُهَا فَاَخَذَنَا الرُّعْبُ عِنْدَ تِلَاوَتِهَا وَانْهَزَمْنَا وَخَرَجَتْ عَلَیْنَا رِیْحٌ شَدِیْدٌ وَسَمِعْنَا دَكْدَكَةً وَّقَعْقَعَةَ السَّلَاحِ وَاشْتِبَاكَ الرِّمَاحِ وَقَائِلًا یَّقُولُ: اِسْتَقْبِلُوْا اَهْلَ بَدْرٍ بَصِیْرٍ جَمِیْلٍ فَنَظَرْتُ رِجَالًا وَاَیُّ رِجَالٍ كَالْعِقْیَانِ عَلٰی خُیُوْلٍ تَسْبِقُ الرِّیْحَ فَاحْتَاطُوْا بِنَا فَلَمَّا عَایَنْتُ ذٰلِكَ بَادَرْتُ اِلٰی صَاحِبِ التِّجَارَةِ فَقُلْتُ لَهٗ: اَنَا بِاللّٰهِ وَبِكَ فَقَالَ: تُبْ اِلَی اللّٰهِ عَنْ هٰذِهِ الْفِعَالِ فَتُبْتُ عَلٰی یَدَیْهِ وَقَدْ قُتِلَ مِنْ اَصْحَابِیْ بِعِدَّةِ مَنْ قُتِلَ مِنْ اَصْحَابِهٖ ثُمَّ اِنِّیْ لَمَّا اَرَدْتُّ الْاِنْصِرَافَ عَنْهُ سَئَلْتُهٗ اَنْ یُّعَلِّمَنِیْ اَسْمَآءَ اَهْلِ بَدْرٍ فَعَلَّمَنِیْهَا فَمُنْذُ عَرَفْتُهَا لَمْ اَحْتَجْ اِلٰی خَفَارَةِ اَحَدٍ مِّنَ الْخَلْقِ لَا فِی الْبَرِّ وَلَا فِی الْبَحْرِ وَبِهَا جِئْتُ مِنْ هٰذَا الطَّرِیْقِ كَمَا رَاَیْتَنِیْ فَكُلُّ مَنْ رَّاٰنِیْ مِنْ لِّصٍّ اَوْ سَبُعٍ حَادَ عَنْ طَرِیْقِیْ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ وَهٰذَا سَبَبُ خُرُوْجِیْ وَحْدِیْ.

نہ مجھے چور سے ڈر ہے نہ درندے سے، میرے والد نے کہا میں تجھے اللہ تعالیٰ کیلئے پوچھتا ہوں تو اپنا واقعہ (معاملہ) مجھے بتا۔ تو اس نے کہا اللہ تعالیٰ تجھ پر رحم فرمائے کہ میں قوم کا بڑا چور تھا ہم راستوں میں ڈاکے ڈالتے۔ جو بھی گزرتا ہم اُسے لوٹ لیتے اور جو بھی مالِ تجارت ہوتا اُسے لے لیتے۔ اسی دوران ہم رات میں بیٹھے ہوئے تھے کہ ہمارے جاسوس نے آکر خبر دی کہ فلاں آدمی بہت سامانِ تجارت کے ساتھ نکلا ہے اور اس کے ہمراہ صرف پچیس ۲۵ افراد ہیں جب ہم نے سُنا تو دھاوا بول دیا اور پندرہ (۱۵) افراد مار ڈالے تو ہمارے پاس تاجر آیا اور کہا تمہاری کیا حاجت ہے تم کیا چاہتے ہو؟ تو ہم نے کہا ہم یہ مال چاہتے ہیں تو اپنے باقی ماندہ آدمیوں کی سلامتی چاہ اور جا۔ تو اس نے کہا تم مجھ پر کیسے قدرت پاؤ گے حالانکہ میرے ساتھ اہلِ بدر ہیں۔ ہم نے کہا ہم نہیں جانتے اہلِ بدر کو، پھر اس نے اللہ اکبر کہا اور نام پڑھنا شروع کر دیئے جسے ہم نہیں جانتے تھے۔ یکایک ہمیں رُعب نے آلیا اور ہم ہار گئے ہم پر سخت ہوا چلی ہم نے ہتھیاروں کا ٹکرانا اور کوٹنا اور نیزوں کے تیزی سے چلنے کی آواز سُنی اور ایک کہنے والا کہہ رہا تھا، اہلِ بدر کا استقبال کرو، تو میں نے مردوں کو دیکھا سونے کی طرح چمکتے (چہرے) والے ہیں ہوا سے تیز دوڑنے والے گھوڑوں پر سوار، انہوں نے ہمیں گھیر لیا جب میں نے یہ منظر دیکھا تو تاجر کی جانب دوڑتے ہوئے کہا میں اللہ تعالیٰ اور تیرے ساتھ ہوں۔ اس (تاجر) نے کہا اللہ تعالیٰ سے اپنے کاموں کی توبہ کر، تو میں نے اس کے ہاتھ پر توبہ کی اور میرے اتنے ہی ساتھی مارے گئے جتنے پہلے اُن کے مارے گئے تھے۔ جب میں نے لوٹنے کا ارادہ کیا تو اس سے پوچھا کہ مجھے اہلِ بدر کے نام سکھا دے تو اُس نے مجھے سکھا دیئے۔ جب سے میں نے انہیں جانا ہے مخلوق میں سے کسی کو لوٹنے کی ضرورت نہیں پڑی نہ خشکی میں نہ تری میں انہیں کے ساتھ میں یہاں اس راستے سے آیا ہوں جیسے تم نے مجھے دیکھا۔ جو بھی چور یا درندہ مجھے دیکھتا ہے تو میرے راستے سے ہٹ جاتا ہے پس اللہ تعالیٰ ہی کے لئے سب تعریفیں یہی میرے اکیلے نکلنے کا سبب ہے۔

وَمِنْهَا مَا حَكَاهُ بَعْضُهُمْ اَنَّهُ خَرَجَ يُرِيْدُ الْحَجَّ اِلٰى بَيْتِ اللّٰهِ الْحَرَامِ فَكَتَبَ اَسْمَآءَ اَهْلِ بَدْرٍ فِىْ قِرْطَاسٍ وَّجَعَلَهُ فِىْ اِسْكِفَّةِ الْبَابِ فَجَآءَتِ اللُّصُوْصُ اِلٰى بَيْتِهٖ لِيَاْخُذُوْا مَا فِيْهِ فَلَمَّا صَعِدُوْا اِلَى السَّطْحِ سَمِعُوْا حَدِيْثاً وَّقَعْقَعَةَ السَّلَاحِ فَرَجَعُوْا وَاَتَوُا اللَّيْلَةَ الثَّانِيَةَ فَسَمِعُوْا مِثْلَ ذٰلِكَ فَتَعَجَّبُوْا وَانْكَفُّوْا حَتّٰى جَآءَ الرَّجُلُ مِنَ الْحَجِّ فَجَآءَ رَئِيْسُ اللُّصُوْصِ وَقَالَ لَهُ: سَئَلْتُكَ بِاللّٰهِ اَنْ تُخْبِرَنِىْ بِمَا صَنَعْتَ فِىْ بَيْتِكَ مِنَ التَّحَفُّظَاتِ؟ قَالَ: مَا صَنَعْتُ فِىْ بَيْتِىْ غَيْرَ اَنِّىْ كَتَبْتُ قَوْلَهُ تَعَالٰى: ﴿وَلَا يَؤُوْدُهُ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِىُّ الْعَظِيْمُ﴾ وَكَتَبْتُ اَسْمَآءَ اَهْلِ بَدْرٍ فَهٰذَا مَا جَعَلْتُ فِىْ دَارِىْ فَقَالَ اللِّصُّ: كَفَانِىْ ذٰلِكَ۔ وَمِنْهَا مَا اَخْبَرَ بِهٖ بَعْضُ مَنْ رَّكِبَ الْبَحْرَ مِنَ الْمَغَارِبَةِ قَالَ: خَرَجْتُ مُسَافِراً فِىْ سَفِيْنَةٍ كَبِيْرَةٍ وَكَانَ فِيْهَا خَلْقٌ كَثِيْرٌ فَهَاجَ بِنَا الْبَحْرُ وَاشْتَدَّتْ بِنَا الرِّيَاحُ وَعَظُمَتِ الْاَمْوَاجُ حَتّٰى اَشْرَفْنَا عَلَى الْغَرْقِ فَكُنَّا بَيْنَ دَاعٍ وَّبَاكٍ وَّمُتَضَرِّعٍ فَقَالَ لِىْ بَعْضُ اَصْحَابِىْ اِنَّ فِى السَّفِيْنَةِ رَجُلًا مَّجْذُوْباً فَهَلْ لَّكَ اَنْ تَذْهَبَ اِلَيْهِ فَذَهَبْتُ اِلَيْهِ فَاِذَا هُوَ نَائِمٌ فَقُلْتُ فِىْ نَفْسِىْ اِلٰى هٰذَا اَرْسَلُوْنِىْ؟ لَوْ كَانَ لِهٰذَا الْمِسْكِيْنِ عَقْلٌ مَا نَامَ وَنَحْنُ فِىْ هٰذِهِ الْحَالَةِ ثُمَّ وَكَزْتُهُ بِرِجْلِىْ فَاَفَاقَ وَهُوَ يَقُوْلُ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَىْءٌ فِى الْاَرْضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ فَقُلْتُ لَهُ: يَا عَبْدَ اللّٰهِ اَمَا تَرٰى مَا نَحْنُ فِيْهِ؟ فَسَكَتَ وَلَمْ يُجِبْنِىْ فَكَلَّمْتُهُ مَرَّةً ثَانِيَةً فَقَالَ: هَاتِ هٰذَا الْقِرْطَاسِ فَاجْعَلْهُ فِىْ مُقَدَّمِ السَّفِيْنَةِ وِشْرِبِهٖ اِلَى الرِّيْحِ مِنْ حَيْثُ تَاْتِىْ فَاَخَذْتُهُ وَجَعَلْتُهُ كَمَا قَالَ فَكَشَفَ اللّٰهُ عَنْ بَصَرِىْ فَاِذَا رِجَالٌ اَخَذُوْا بِاَطْرَافِ السَّفِيْنَةِ وَجَرُّوْهَا اِلَى الْبَرِّ وَرَكَزُوْهَا فِى الرَّمْلِ.

انہیں میں سے **ایک اور واقعہ** جو کسی نے حکایت کی ہے کہ وہ حج کے ارادے سے بیت اللہ شریف کی طرف نکلا تو اس نے اصحابِ بدر کے نام ایک کاغذ میں لکھے اور وہ کاغذ دروازے کی پھٹن میں رکھ دیا چور اُس کے گھر آئے تا کہ جو کچھ گھر میں ہے نکال لیں۔ جب چھت پر چڑھے تو باتوں اور ہتھیار کی چھنچھناہٹ کی آوازیں سنیں تو واپس چلے گئے اور دوسری رات کو آئے تو بھی انہوں نے اُسی طرح سُنا تو تعجب کیا اور واپس لوٹ گئے یہاں تک وہ گھر کا مالک حج سے واپس آیا تو چوروں کا سردار آیا اور کہنے لگا میں تجھ سے اللہ تعالیٰ کے واسطے سے پوچھتا ہوں یہ بتا کہ تُو نے گھر کی حفاظت کے لئے کیا کیا تھا؟ تو اس نے کہا کہ میں نے اس کے سوا کچھ نہیں کیا کہ میں نے آیت الکرسی کی آخری آیت: **وَلَا يَؤُدُهٗ حِفۡظُهُمَا وَهُوَ الۡعَلِىُّ الۡعَظِيۡمُ** لکھی اور ساتھ ساتھ اصحابِ بدر کے نام لکھے یہ وہ ہے جسے میں نے اپنے گھر میں رکھ گیا تھا چور نے کہا مجھے یہ کافی ہے۔

اور ان میں سے **ایک اور واقعہ** وہ ہے جو اہلِ مغارب میں سے سمندر میں سوار ہونے والے (ایک شخص) نے بتایا وہ کہتا ہے میں بڑی کشتی میں سوار ہوا جس میں بہت لوگ سوار تھے۔ سمندر میں طغیانی آئی، ہوا تیز ہوئی، موجیں بڑھ گئیں یہاں تک کہ ہم غرق کو جھانکنے لگے۔ (اس حال میں) ہم دعا کرتے تھے، روتے رہتے تھے فریاد کرتے تھے۔ تو میرے کسی ساتھی نے بتایا کہ کشتی میں ایک مجذوب آدمی ہے تم اُس کی طرف جاؤ گے؟ تو میں گیا اور اُسے سویا ہوا پایا۔ میں نے دل میں کہا مجھے اِس کی طرف بھیجا ہے! اگر اس میں عقل ہوتی تو یہ نہ سوتا، اسی دوران میں نے اُسے ٹھوکر ماری تو وہ بیدار ہو گیا اس نے فوراً یہ دعا پڑھی **بِسۡمِ اللهِ الَّذِىۡ لَا يَضُرُّ مَعَ اسۡمِهٖ شَىۡءٌ فِى الۡاَرۡضِ وَلَا فِى السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيۡعُ الۡعَلِيۡمُ**، میں نے کہا، اے اللہ کے بندے! آپ دیکھ نہیں رہے ہم کیسی مصیبت میں مبتلا ہیں؟ (یہ سُن کر) وہ خاموش رہا کوئی جواب نہ دیا، میں نے دوبارہ بات کی؟ تو اس نے کہا یہ کاغذ لو اور کشتی کے سرے پر ڈال دو جہاں سے ہوا چلتی ہے۔ میں نے (کاغذ) لیا اور یوں ہی کیا جیسے اس نے کہا۔ تو اللہ تعالیٰ نے میری نگاہ کھول دی تو (میں نے دیکھا) جبھی کئی مرد حضرات نے کشتی کے کونے پکڑے ہوئے اور اسے زمین کی طرف کھینچ لائے اور ریت میں کھڑا کر دیا۔

وَقَدْ تَكَسَّرَ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ سُفُنٌ كَثِيْرَةٌ غَيْرَ هٰذِهٖ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ جَآءَتْنَا رِيْحٌ طَيِّبَةٌ فَاَخْرَجْنَا السَّفِيْنَةَ مِنَ الرَّمْلِ وَسِرْنَا وَالَّذِيْ كَانَ مَكْتُوْباً فِي الْقِرْطَاسِ اَسْمَآءُ اَهْلِ بَدْرٍ فَصِرْنَا نَتْلُوْا اَسْمَآئَهُمْ حَتّٰى وَصَلْنَا سَالِمِيْنَ اِنْتَهٰى وَذَكَرَ الشَّيْخُ الدَّارَانِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ اَنَّهٗ سَمِعَ مِنْ مَّشَايِخِ الْحَدِيْثِ اَنَّ الدُّعَآءَ مُسْتَجَابٌ عِنْدَ ذِكْرِ اَسْمَآءِ اَهْلِ بَدْرٍ وَقَالَ مُجَرَّبٌ اِنْتَهٰى مِنْ «شَرْحِ الْبَنَانِيْ» نَقْلًا عَنْ غَيْرِهٖ وَقَالَ غَيْرُهٗ اِنَّ كَثِيْراً مِّنَ الْاَوْلِيَاءِ لَمْ تَحْصُلْ لَّهُ الْوِلَايَةُ اِلَّا بِقِرَاءَةِ اَسْمَآئِهِمْ وَالتَّوَسُّلِ بِهِمْ اِنْتَهٰى وَالشَّرْطُ فِي التَّوَسُّلِ بِهِمْ اَنْتَ فَتَرْضٰى عَنْ كُلِّ وَاحِدٍ كَمَا سَتَرَاهُ مَسْطُوْراً وَمَزَايَاهُمْ اَكْثَرُ مِنْ اَنْ تُذْكَرَ وَ«رَاْسُ الْاُمُوْرِ حُسْنُ النِّيَّةِ وَالْاِخْلَاصِ» اَحْسَنَ اللّٰهُ لِيْ وَلِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ مِنْ هٰذِهِ الدُّنْيَا الْخَلَاصَ وَقَدْ اٰنَ اَنْ اَذْكُرَ الْاَسْمَآءَ الدَّآلَّةَ عَلٰى اَهْلِ الْمَقَامِ الْاَسْنٰى مُسْتَعِيْناً بِاللّٰهِ فَمَا خَابَ مَنِ اسْتَعَانَهٗ وَدَعَاهُ۔

اُس رات اِس کشتی کے سوا کئی کشتیاں ٹوٹ (کر ڈوب) گئیں۔ پھر اگلے دن معتدل ہوا چلی تو ہم نے کشتی کو ریت سے نکالا اور سفر شروع کر دیا۔ اور اُس کاغذ میں (جسے کشتی کے سرے پر ڈالا تھا) میں جو لکھا تھا وہ اہلِ بدر صحابہ کرام علیہم الرضوان کے اسمائے گرامی تھے۔ پھر ہم نے اُن اسماء کو پڑھنا شروع کر دیا یہاں تک کہ (منزل تک) سلامتی سے پہنچ گئے۔ واقعہ ختم ہوا۔

اور شیخ دارانی رحمہ اللہ تعالیٰ نے ذکر کیا کہ انہوں نے مشائخِ حدیث سے سُنا کہ اسمائے اہلِ بدر رضی اللہ عنہم کے ذکر کے وقت دعا قبول ہوتی ہے اور یہ مجرّب ہے۔ «بنانی» کی شرح جو غیر سے منقول ہے وہ ختم ہوا۔

دوسرے نے کہا کہ بہت سے اولیاء کو ولایت ملتی ہی ان ناموں کے پڑھنے اور ان سے وسیلہ لینے سے ہے۔ انتھیٰ

ان سے وسیلہ لینے کی شرط یہ ہے کہ تم ان میں سے ہر ایک سے راضی ہو (یعنی، کسی بھی صحابی کے لئے تمہارے دل میں خلجان نہ ہو) جیسا کہ ہم ابھی (ان کے اسمائے مبارکہ) دیکھو گے۔ اور ان کے فضائل تحریر میں لانے سے زیادہ ہیں۔ اور کاموں کی اصل تو نیک نیتی اور اِخلاص ہی ہے۔ اللہ تعالیٰ میرے اور تمام مسلمانوں کے لئے اس جہاں سے بھلائیاں اور اِخلاص عطا فرمائے۔

اب وقت آگیا کہ اُن اسمائے گرامی کو ذکر کروں جو اونچے مقام کا رستہ دکھاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی مدد لیتے ہوئے۔ پس جس نے اللہ سے مدد چاہی اور دُعا کی وہ کبھی ناکام نہ ہوا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ

بِسَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ الْمُهَاجِرِیِّ صَلَّى اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّم

وَبِسَیِّدِنَا اَبِیْ بَکْرِنِ الصِّدِّیْقِ الْمُهَاجِرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا عُمَرَبْنِ الْخَطَّابِ الْمُهَاجِرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ الْمُهَاجِرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبِ نِ الْمُهَاجِرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا طَلْحَۃَ بْنِ عُبَیْدِ اللّٰہِ الْمُهَاجِرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا الزُّبَیْرِبْنِ الْعَوَّامِ الْمُهَاجِرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفِ الْمُهَاجِرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصِ الْمُهَاجِرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا سَعِیْدِ بْنِ زَیْدِنِ الْمُهَاجِرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا اَبِیْ عُبَیْدَۃَ عَامِرِبْنِ الْجَرَّاحِ الْمُهَاجِرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا عِمْرَانَ بْنِ حَصِیْنِ الْمُهَاجِرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

اَللّٰهُمَّ وَاَسْئَلُكَ

بِسَيِّدِنَا الْاَخْنَسِ بْنِ حَبِيْبِ الْمُهَاجِرِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا الْاَرْقَمِ بْنِ اَبِي الْاَرْقَمِ الْمُهَاجِرِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا اَنَسٍ مَّوْلٰى رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُهَاجِرِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا اِيَاسِ بْنِ الْبُكَيْرِ الْمُهَاجِرِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا اِيَاسِ بْنِ اَوْسِ الْاَوْسِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرِ الْاَوْسِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا اُنَيْسِ بْنِ قَتَادَةَ الْاَوْسِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا اَنَسِ بْنِ مُعَاذِ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا اُبَيِّ بْنِ مُعَاذِ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا اُبَيِّ بْنِ كَعْبِ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا اَسْعَدَ بْنِ يَزِيْدَ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا اَوْسِ بْنِ ثَابِتِ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا اَوْسِ بْنِ الصَّامِتِ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ

وَبِسَیِّدِنَا اَوْسِ بْنِ خَوْلِیِّ الْخَزْرَجِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

حَرْفُ الْبَاءِ

اَللّٰھُمَّ وَاَسْئَلُکَ

بِسَیِّدِنَا بِلَالِ بْنِ رَبَاحِ الْمُھَاجِرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا بُجَیْرِبْنِ اَبِیْ بُجَیْرِ الْخَزْرَجِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا بَحَّاثِ بْنِ ثَعْلَبَۃَ الْخَزْرَجِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا بَسْبَسَۃَ بْنِ عَمْرِو الْخَزْرَجِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا الْبَرَاءِ بْنِ مَعْرُوْرِ الْخَزْرَجِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا بَشِیْرِبْنِ سَعْدِ الْخَزْرَجِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا بِشْرِ بْنِ الْبَرَاءِ الْخَزْرَجِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

حَرْفُ التَّاءِ

اَللّٰھُمَّ وَاَسْئَلُکَ

بِسَیِّدِنَا تَمِیْمٍ مَّوْلٰی بَنِیْ غَنْمِ بْنِ السِّلْمِ الْاَوْسِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا تَمِیْمٍ مَّوْلٰی خِرَاشِ الْخَزْرَجِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا تَمِیْمِ بْنِ یُعَارِ الْخَزْرَجِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

حَرْفُ الثَّاءِ

اَللّٰهُمَّ وَاَسْئَلُكَ

بِسَيِّدِنَا ثَقْفِ بْنِ عَمْرٍو الْمُهَاجِرِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا ثَعْلَبَةَ بْنِ حَاطِبِ الْاَوْسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا ثَابِتِ بْنِ اَقْرَمَ الْاَوْسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا ثَابِتِ بْنِ ثَعْلَبَةَ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا ثَابِتِ بْنِ خَالِدِ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا ثَابِتِ بْنِ خَنْسَآءَ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا ثَابِتِ بْنِ هَزَّالِ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا ثَابِتِ بْنِ عَمْرٍو الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا ثَعْلَبَةَ بْنِ عَمْرٍو الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا ثَعْلَبَةَ بْنِ عَنَمَةَ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

اَللّٰهُمَّ وَاَسْئَلُكَ

بِسَيِّدِنَا جَبْرِ بْنِ عَتِيْكٍ الْاَوْسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَیِّدِنَا جُبَیْرِ بْنِ اِیَاسِ الْخَزْرَجِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرِو الْخَزْرَجِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ رِئَابِ الْخَزْرَجِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا جَبَّارِ بْنِ صَخْرِ الْخَزْرَجِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

حَرْفُ الْحَاءِ

اَللّٰھُمَّ وَاَسْئَلُكَ

بِسَیِّدِنَا حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ الْمُھَاجِرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا حَاطِبِ بْنِ اَبِیْ بَلْتَعَةَ الْمُھَاجِرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا حَاطِبِ بْنِ عَمْرِو الْمُھَاجِرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا الْحُصَیْنِ بْنِ الْحَارِثِ الْمُھَاجِرِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا الْحَارِثِ بْنِ اَنَسِ الْاَوْسِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا الْحَارِثِ بْنِ حَاطِبِ الْاَوْسِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا الْحَارِثِ بْنِ اَوْسِ بْنِ رَافِعِ الْاَوْسِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا الْحَارِثِ بْنِ اَوْسِ بْنِ مُعَاذِ الْاَوْسِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا الْحَارِثِ بْنِ خَزْمَةَ الْاَوْسِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَیِّدِنَا الْحَارِثِ بْنِ عَرْفَجَةَ الْاَوْسِیِّ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ

وَبِسَيِّدِنَا اَلْحَارِثِ بْنِ عَتِيْكِ الْاَوْسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا اَلْحَارِثِ بْنِ النُّعْمَانِ الْاَوْسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا حَاطِبِ بْنِ عَمْرِو الْاَوْسِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا اَلْحَارِثِ بْنِ قَيْسِ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا حَارِثَةَ بْنِ سُرَاقَةَ الشَّهِيْدِ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا حَارِثَةَ بْنِ النُّعْمَانِ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا حَارِثَةَ بْنِ مَالِكِ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا اَلْحَارِثِ بْنِ خَزَمَةَ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا اَلْحَارِثِ بْنِ الصِّمَّةِ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

وَبِسَيِّدِنَا اَلْحَارِثِ بْنِ قَيْسِنِ الْخَزْرَجِيِّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

